سوال

کیا یہ بھی بدعت ہے ؟

جواب

کیا جلسے اور کانفرنسیں منعقد کرنا بدعت ہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سوال : کیا توحید کانفرنس ، سیمنار ، سیرت کانفرنس ، ختم بخاری سیمنار وغیرہ وغیرہ بدعت میں شمار نہیں ہے ؟ اکثر اہلحدیث بھائی اس طرح کے پروگرام کروا رہے ہیں ۔ جس کی وجہ سے اہل بدعت ہم پر الزام دیتے ہیں کہ اگر یہ سب بدعت نہیں تو ہمارے میلاد ، عرس ، قل ، چالیس کو بدعت کیوں کہتے ہو۔ برائے کرم قرآن وسنت کی روشنی ان امور کو واضح کردیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ ، أما بعد ! جلسے اور کانفرنسیں منعقد کرنا بدعت کے زمرے میں نہیں آتے ، کیونکہ یہ جلسے بطور جلسہ نیکی کی نیت سے منعقد نہیں کیۓ جاتے کہ جلسہ منعقد کرنے کا اتنا ثواب ہے ، جو نہ کرے اس کو اتنا گناہ ہے ، بلکہ یہ تو تبلیغ دین کے ذریعے کے طور پر منعقد کیۓ جاتے ہیں ، یہی وجہ ہے کہ ان جلسوں کے لئے کوئی متعین تاریخ نہیں دی جاتی ، بلکہ حسب ظروف آگے پیچھے ہوتے رہتے ہیں ۔ ان جلسوں میں زیادہ سے زیادہ یہ ہوتا ہے کہ لوگوں کو اکٹھا کر کے قرآن وحدیث سنا دیا جاتا ہے ، اور ایسا کرنا نبی کریم سے بھی ثابت ہے ۔ اس کے برعکس میلاد ، عرس وغیرہ کو بطور میلاد اور عرس ہی نیکی سمجھا جاتا ہے ، اور پھر ان کا انکار کرنے والوں کو برا بھلا کہا جاتا ہے ، نیز ان کی باقاعدہ تاریخ متعین ہوتی ہے ۔ اور ان میں متعدد خلاف شرع امور انجام دیۓ جاتے ہیں ۔ اصل بات عقیدے اور نیت کی ہے کہ آپ ان امور کو کس نیت سے انجام دے رہے ہیں ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث